بنیادی خواندگی

جانچ مد 95

نیچے دی گئی کہانی پڑھ کر سوالوں کے جواب دیجیے۔ 2x3=6

بھولا اپنے گاؤں میں اپنی سارنگی کے لیے مشہور ہے۔ وہی ایک تار والی سارنگی جسے بجاتے ہوئے وہ نہ صرف اپنے گاؤں بلکہ آس پاس کے گاؤں میں بھی گھومتا پھرتا ہے۔ وہ ان سارنگیوں کو خود ہی بناتا، مٹی کے کٹورے سے برتن کے اوپر کاغذ کی جھلی، باریک بانس کی پتلی سی ڈنڈی۔ سارنگی سے نکلنے والی خوب صورت آواز بچوں بڑوں سبھی کو اپنی طرف کھینچ لیتی۔

1. بھولا سارنگی کہاں بجاتا ہے؟

----

2. بھولا کو سارنگی بنانے کے لیے کن کن چیزوں کی ضرورت پڑتی ہے؟

----

3. کیا آپ نے کبھی ایک تار والی سارنگی دیکھی یا بجائی ہے؟ کب؟

ہم نے کیا سیکھا: اہم نکات کو دریافت کرنے کے لیے موضوعات یا درسی کتاب سے متعلق گفتگو میں حصہ لینا۔ اپنی زندگی کے تجربات اور حالات سے اسے جوڑنا۔